یہ اوسط درجے کے کاشتکار کا کہنا نہیں ہے بلکہ بڑے بڑے زمینداروں کا خیال ہے - ایسے زمینداروںکا جنہیں قانون قولداری کے تحت میکزیمم ہولڈنگ (Maximum holding) دی گئی ہے- ایسی شکایتیں دونوں سائیڈ (Side) کے آنریبل ممبرس کی طرف سے آتی ہیں - میں کہونگا کہ یہ صحیح نہیں ہے انکو کافی آمدنی ہوتی ہے لیکن وہ اپنی آمدنی کا بڑا حصہ لگجوریس (Luxuries) پرصرف کرتے ہیں - سینما وغیرہ پر اوراچھے لباس - موٹروں وغیرہ پر صرف کرتے ہیں - اوسط کا طبقہ کاشتکار اگر خود فیلڈ پر جائے اور محنت کرے تو کیا معنی ہیں کہ آمدنی نہیں ہوتی اگر آمدنی نہیں ہوتی ہے تو آپ کو کس نے مجبور کیا ہیکہ آپ زراعت کریں - کیوں نہیں دوسرے پیشے اختیار کرلیتے - لیکن نہیں کرتے - اس سے معلوم ہوتا ہیکہ یقیناً آمدنی ہوتی ہے لیکن آسکا مصرف ٹھیک نہیں ہے- وہ چاہتے ہیں کہ دوسروں کو جینے بھی نہیں دینگے اور خود بھی نہیں جیئینگے - تلنگی میں ایک مثل مشہور ہیکہ [illegible] اسطرح وہ آمدنی کو چھپانے کوشش کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آمدنی نہیں ہورہی ہے - ان چیزوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہمیں غور کرنا چاہئیے - جیسا کہ میں نے کہا میگزیمم ہولڈنگ کے جو کاشتکار ہیں ان پر یہ ٹیکس عائد کرنا چاہئیے - (۳۶۰۰) روپیہ کی آمدنی جس کاشتکار کی ہے ان پر یہ ٹکس ضرور عائد ہونا چاہئیے - ریوینیو کے تعلق سے بھی میں عرض کرونگا کہ گریڈڈ سسٹم (Graded system) پر عمل کرنا چاہئیے - اور بڑے کاشتکاروں سے سختی کے ساتھ وصول کرنا چاہئیے - کے بارے میں میں عرض کرونگا جتنے چھوٹے کاشتکار ہیں انہیں معاف دی جانی چاہئیے - حسابات کرونگا کہ انکم ٹیکس کے محکمہ کا جو طور طریقہ ہے وہ اختیار کیاجارہا ہے - یہ مناسب نہیں بلکہ سہل طریقے نافذ کرنا چاہئیے تاکہ لوگ صاف صاف حسابات داخل کرسکیں - ایک کمیٹی مقرر کرکے ایسے سہل طریقے معلوم کئے جانے چاہئیں جنہیں نافذ کرکے اگریکلچرل انکم ٹیکس آسان طریقے سے وصول کیا جاسکے - محکمہ کو بھی سہولت ہو اور ادا کرنے والے کو بھی سہولت ہونی چاہئیے - ایسا نہو کہ وکلاء کے پھندے میں یہ لوگ پھنسکر زیادہ سے زیادہ روپیہ خرچ کرنے کی نوبت آئے - اگر ان طریقوں میں پیچیدگیاں رہینگی تو اضلاع اور حیدرآباد کے چکر لگانے کے علاوہ لوگوں کو وکلاء کے مشورے کے لئے بھی فیس دینی پڑیگی - اسطرح وہ زیادہ سے زیادہ زیر بار ہونگے -

پرنٹنگ ڈپارٹمنٹ (Printing Department) کے بارے میں میں یہ عرض کرونگا کہ وہاں گورنمنٹ کا بہت کام رہتا ہے اور اس میں تاخیر ہوتی ہے - خانگی پریس میں کام نہیں ہے اور یہاں اوور ورک (Over Work) ہورہا ہے - ایسی صورت میں میں کہونگا کہ کچھ کام پرائیوٹ پریس (Private Press) کو بھی دینا چاہئیے - اور میں یہ کہنا چاہتا ہونکہ یہاں آفیسرس بہت زیادہ ہیں ان پر کافی اخراجات ہورہے ہیں لیبر کے مقابلہ میں آفیسرس کا جو پرپورشن (Proportion) ہونا چاہئیے وہ نہیں ہے - میں سمجھتا ہونکہ ہائی پیڈ (High paid) آفیسرس کی ضرورت نہیں ہے - یہاں کے لیبررس کی کئی شکایتیں آتی ہیں کہ انہیں بونس (Bonus) نہیں ملتا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ جب وہ بونس کا مطالبہ کرتے ہیں تو کہا جاتا ہیکہ وہ گورنمنٹ سرونٹ (Government servant) ہیں اس لئے انہیں بونس نہیں دیا جا سکتا - جب وہ پینالٹیمیٹ ساٹرڈے (Penultimate Saturday) کی تعطیل کا مطالبہ کرتے ہیں تو انکو یہ جواب دیا جاتا ہیکہ وہ گورنمنٹ سرونٹ نہیں ہیں اس لئے انہیں یہ تعطیل نہیں دیجاسکتی -

میں پوچھنا چاھتا ھونکه آخر وہ کس تعریف میں آتے ھیں ۔ انہیں نہ تعطیل ملتی ھے اور نہ بونس ملتا ھے ۔ میں منسٹر صاحب کی توجه اس جانب مبذول کراؤنگا اور کہونگا کہ انکے مطالبات پرسنجیدگی کے ساتھ غور کیا جائے ۔ اتنا کہتے ھوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

[Mr. Deputy Speaker in the Chair]

శ్రీ పి. లక్ష్మయ్య :

అధ్యక్ష మహాశయా,

ఇప్పుడు ప్రభుత్వమువారు వెనుకబడిన జాతులను, క్రిందబడిన జాతులను పైకి లేవదీస్తామని చెబుతున్నారేగాని, అందుకు ఏమాత్రం ప్రయత్నం చేయడంలేదు. ఈ వెనుకబడిన జాతులలో క్రిందపడివున్న జాతులలో చర్మకార్మికులుకూడా ఉన్నారు. ఈ చర్మకార్మికుల స్థితిని ప్రభుత్వము వారు గమనించాలి. పూర్వము నల్లగొండలో తురకాయన ఒకడు కార్ఖానా పెట్టితే, అందులో ౧౫౦ మందిదాకా పనిచేశారు. చర్మకార్మికులుకు డబ్బులేకపోవడంచేత యీ కార్ఖానాలో ౩౦ రూపాయల జీతానికి ఉండి, కూలీ చేశారు. కాని ఆతర్వాత ఆ కార్ఖానాను బందుచేశారు. అంచేత వాళ్ళు బేరోజ్‌గారీ అయినారు. వాళ్ళు బ్రతకడానికి జీవనాధారం లేదు. వాళ్ళు గ్రామాలలో చర్మం తీసుకొని, దానిని మంచిగా చేసుకొని అమ్ముకొందామంటే, దానికి సరైన ధర రావడం లేదు. వీళ్ళందరకూ అన్నంలేక ౧౫ రూపాయల వస్తువు ౫ రూపాయలకే అమ్ముకోవలసి వస్తోంది. ప్రభుత్వము గనుక ప్రతి గ్రామంలోను, ప్రతి తాలూకాలోను కార్ఖానాలు ఏర్పాటుచేస్తే యీ కార్మికులను అందులోకి తీసుకోవడం ద్వారా వారికి జీవనోపాదిని చూపించినవారు అవుతారు. వీరి దగ్గర ౨౦ రూపాయల వస్తువులను లబ్బీతురకలు ౫ రూపాయలకే కొనుక్కొంటున్నారు. ఈ విధంగా లబ్బీతురకవాండ్లు చర్మకార్మికులవద్ద ౫ రూపాయలకు కొని, పట్టణాలలోనికి తీసుకుపోయి ౧౫ రూపాయలకు అమ్ముతున్నారు. చర్మకార్మికులు తినడానికి తిండి లేకపోవడంవల్ల ౧౫ రూపాయల వస్తువు ౫ రూపాయలకే అమ్ముకొని నష్టపడుతున్నారు. అందుచేత ప్రభుత్వం కార్ఖానాలు ఏర్పాటుచేసి ఈ చర్మకార్మికులకు పనులు చూపించాలి. చర్మకార్మికులకు డబ్బు ఉన్నట్లయితే మంచిగా చేసుకొని తమ వస్తువులను ఎక్కువ ధరకు అమ్ముకొంటారు. వాళ్ళు తొండాలు కుట్టుకొని ౨౦ రూపాయల సొమ్ము ౫ రూపాయలకే అమ్ముతున్నారు. వాళ్ళకు డబ్బు ఉన్నట్లయితే, లబ్బీతురకల పోటీకి నిలబడి ౫ రూపాయల సొమ్మును పట్టణాలలోపల ౨౦ రూపాయలకు అమ్ముకొని డబ్బు చేసుకొంటారని చెబుతున్నాను. లబ్బీతురకలకు డబ్బు వుండటం వలన చర్మ కార్మికులకంటె రెండు రూపాయల ఎక్కువతో చర్మాన్ని కొని, పట్టణాలకు తీసుకుపోయి ఎక్కువడబ్బుకు అమ్ముకొంటారు. చర్మకార్మికులు గరీబువాళ్ళు, వీళ్ళకు డబ్బులేదు. ఇటువంటి పేదవాళ్ళకు ప్రభుత్వం సహాయం చేయాలి. ఆమరబాద్ కురమాలో పులులు జంతువులను చంపినపుడు, అక్కడే లబ్బీతురకలు దుకాణాలు పెట్టి, చర్మకార్మికులకంటె రెండు రూపాయలు ఎక్కువపెట్టి చర్మాన్ని కొనుక్కొంటారు. పల్లెలలో చర్మాన్ని ౫ రూపాయలకు కొని, హైదరాబాదుకు తీసుకువచ్చి ౨౦ రూపాయలకు అమ్ముతున్నారు. ప్రభుత్వమే కార్ఖానాపెట్టి, ఆ వస్తువులను ౨౦ రూపాయలకు అమ్మితే, యీ చర్మకార్మికులకు ఆ డబ్బును ఇవ్వడానికి వీలుంటుంది. చర్మకార్మికులకు డబ్బు లేకపోవడంవల ౨౦ రూపాయల సొమ్ము ౫ రూపాయలకే అమ్ముతున్నారు. చర్మకార్మికులు ౧౦ తోళ్ళను ౫ రూపాయలచొప్పున అమ్మి ౫౦ రూపాయలు సంపాయిస్తుంటే, లబ్బీతురకలు ఆ తోళ్ళను ౫ రూపాయలకు కొని ౧౫ రూపాయలకు అమ్మి ౧౫౦ రూపాయలు సంపాయించుకొంటున్నారు. ప్రభుత్వం వారు పేదలను పైకి తేవ్వతామంటారు. ఈ గరీబుల్ల సంగతి ఏమి చేస్తున్నారు ? ఈ వెనుకబడిన

జాతులను ముందుకు తీసుకుపోయేది ఎప్పుడు? కాబట్టి, ప్రభుత్వమువారు ఈ కార్మికులకు ౫౦౦ రూపాయలుగాని, 300 రూ. కాని అప్పు ఇచ్చినట్లయితే వారు మంచిగా వ్యాపారం చేసుకొని ఒక నెలలో ౫౦౦ రూ. కు వెయ్యి రూపాయలను సంపాయిస్తారు. ప్రభుత్వంవారికి తక్కావి రూపంలోగాని, అప్పుల రూపంలోగాని, లేక ఏరూపంలో అయినప్పటికి వారికి ౫౦౦ రూపాయలు ఇచ్చినట్లయితే, నెలకు ౫౦ చొప్పునగాని ౨౫ చొప్పునగాని ప్రభుత్వానికి చెల్లిస్తారు. వీళ్ళకు డబ్బు సహాయం చేసినట్లయితే, ఈ చర్మ వ్యాపారాన్ని మంచిగా చేసుకొని ఒక నెలరోజులలోనే ప్రభుత్వానికి చెల్లిస్తారు. అతనికి డబ్బు ఉంటే, ఒక పుట్టి తోళ్ళను నెల రోజులలో తయారు చేస్తాడు. వాళ్ళ కిచ్చిన డబ్బును కొన్ని కిస్తీలలో కట్టవచ్చునంటే వాళ్ళకు ఇవ్వటానికి శక్తి వుంటుంది. వాళ్ళు గూడ బాగుపడుతారు. వాళ్ళను బాగు చేయాలంటే యీ విధంగా ౫౦౦ గాని, 300 గాని అప్పులు ఇచ్చినట్లయితే వాళ్ళు బాగుపడుతారు. ప్రభుత్వం వాళ్ళకు ఇవ్వడానికి డబ్బు ఎక్కడనుంచి వస్తుందని అనవచ్చును. ప్రభుత్వానికి ఇవ్వడానికి శక్తి లేకపోతే, నైజాం దగ్గరనుండి అయినా తెచ్చి ఈ కార్మికులకు బాగుచేస్తారని ఆశిస్తున్నాను. మీరు మెత్తని హృదయంతో, పార్టీ సంబంధాలు పార్టీభేదాలు లేకుండా యీ పేదలను, యీ గరీబు కార్మికులను పైకి తెస్తారని తలుస్తున్నాను. క్రిందపడిన వాళ్ళను పైకి తెస్తామని అంటున్నారు. లంబాడీలు కూడ వెనుకబడిన జాతులవారే. వాళ్ళకు భూమి ఇస్తున్నారు. వాళ్ళకు రూపాయలు తక్కావి ఇస్తున్నారు. అయినా క్రిందపడినవారు క్రిందనే వున్నారు. వాళ్ళను పైకి ఎట్లా తెస్తారు? మీకు ధర్మంగా, సత్యంగా యీ క్రిందపడినవారిని పైకిలేవదీయాలనే కోరిక లేదు. మీరు ధర్మంగా పనిచేయడం లేదు మీరు ధర్మాన్ని అలమారీలో పెట్టుకొని వచ్చారు. ధర్మంలేకుండా మాట్లాడుతున్నారు. ఈ శాసనసభలో సత్యం, ధర్మంగా మాట్లాడాలి. శాసనసభ అంటే ధర్మశాసనాలు చేసేసభ. ఇక్కడ సత్యం, ధర్మం తప్పకుండా వుండాలి. ఈ శాసనసభకు లోబడి, క్రిందపడినవారిని పైకి లేపాలంటే, సరిగా పనిచేయాలి. వాళ్ళను పైకి తీసుకురావాలంటే ఒక్కొక్క కుటుంబం వాళ్ళకు ౫౦౦ లేక కనీసం 300 రూ. అప్పులివ్వాలి. మీకు నిజంగా వాళ్ళను పైకి తీసుకు రావాలంటే, వాళ్ళకు అప్పులిస్తారనే నమ్మకం నాకు వుంది. మేము ౫ వేలమంది చేరి కోఆపరేటివ్ సొసైటీ చేసుకొని దానిని రిజిష్టరు చేయించుకొన్నాం. ఇందులోఉన్న ౫ వేల మంది ఎటువంటివారంటే, ఇటుకలు చేసేవారు ఉన్నారు; గోడలుకట్టేవారున్నారు; సున్నం తయారుచేసేవారున్నారు; రాయి పగులగొట్టేవారున్నారు;—ఈవిధంగా అన్ని పనులు మేమే చేస్తాము. ఇందులో గరీబులు ఎక్కువమంది వున్నారు. బీదల సంఖ్య ఎక్కువ వున్నది.

శ్రీ యస్. యల్. శాస్త్రి.—ఇప్పుడు మీకు కావలసింది ఏమిటి? మీరు కోరేది ఏమిటి? మీరు కావలసింది ఏమిటో కోరక ఏదోచెబుతున్నారు.

శ్రీ పి. లక్ష్మయ్య.—ముందర వివరాలను చెప్పవలసి వున్నది. ఇప్పుడు ఏదైతే మా సొసైటీ ఉన్నదో, దానికి ప్రభుత్వంవారు లక్షరూపాయలు ఇస్తే మేమే అన్నిపనులూ చేయగలము. లక్ష రూపాయలివ్వమని ధరఖాస్తు పెట్టుకొంటే ఆలోచిస్తున్నాం అని చెబుతున్నారు. సూర్యాపేట తాలూకాలో సోలీపేటలో ఒక ప్రాజెక్టు తయారవుతోంది. పనిని మూడు తునకలుగా చేశారు. అందులో ఒక తునకను మాకిప్పిస్తే మేము దానిని చేస్తాము. ఈ విధంగా మా సొసైటీకి ఇస్తే ౫ వేలమంది పేదవాళ్ళు బాగుపడతారు. ఈవిధంగా అప్పులివ్వవలసిందిగా ముఖ్యమంత్రికి దరఖాస్తులు పెట్టుకొన్నాం. ఆలోచిస్తున్నామని చెబుతున్నారు. ౧౯౫౦ సంవత్సరంలో నల్లగొండకు సోషల్‌సర్వీస్ ఆఫీసర్ బోధనకర్ వచ్చారు. ఇండ్లు కట్టుకొనేందుకు డబ్బు ఇప్పించమని

వారికి ౮ వేల వరకు దరఖాస్తులిచ్చారు. వారు పదిలక్షలిప్పిస్తామని చెప్పి వెళ్ళిపోయారు. రెండు సంవత్సరాలవరకు వాటి విషయమై ఏమీ ఆలోచించలేదు. ౫౨వ సంవత్సరంలో కొంత డబ్బు ఇందుకు శాంక్షన్ చేశారు. ఆ ఆఫీసరు అచ్చటి ప్రజలకు ఒక్కొక్కరికి ౧౦ రూ. ఇచ్చి, ౧౦ రూపాయల ప్రక్కన ఒక సున్న చేర్చి ౧౦౦ ఇచ్చినట్లు వ్రాసుకొన్నాడు. అల్లాగే ౫ రూ. ఇచ్చి, ప్రక్కన సున్నపెట్టి ౫౦ రూపాయలు ఇచ్చినట్లు వ్రాశాడు. ఈ విధంగా ౧౦రూ. టిక్కెట్లు ౫ రూ. టిక్కెట్లు వారికి ఇచ్చి ౧౦౦ రూ. ఇచ్చినట్లు, ౫౦ రూ. లిచ్చినట్లు వ్రాసుకొన్నాడు. ఈ విధంగా అక్కడివాళ్ళను మోసంచేసి డబ్బు సంపాయించాడు. ప్రభుత్వం దీనిని గురించి నిజం తెలుసుకోవాలంటే, అక్కడి ప్రజలను పిలచి అసలు ఎంత వారికి ఇచ్చారో తెలుసుకోవాలి. అలాగే హరిజనులకు లంబాడీలకు ఇండ్లు కటించి ఇస్తామని చెప్పారు. వారికి ఇండ్లు ఎక్కడ కట్టించి ఇచ్చారు? నల్లగొండ తాలూకాలో ఎక్కడ వారికి ఇండ్లు కటించి ఇచ్చారు? పెదకొండూరులో ఇండ్లు కట్టించారా? చినకొండూరులో కట్టించారా? ఏతాలూకాలో కట్టించారు? దేవరకొండలోగాని, పెదమునగాలలోగాని ఎక్కడైనావారికి ఇళ్ళుకట్టించారా? ఎక్కడ కట్టించారో చూపించండి. హరిజనులపై ఏమాత్రం మీయొక్క దయలేదు. అసెంబ్లీలో కూర్చొని వారికి అవి మంజూరు చేశాం; ఇవి మంజూరు చేశాం అని చెప్పడం, కాగితాలమీదమాత్రమే ఉండటం జరుగుతోంది. గాని అమలు ఏమీ లేదు. ఇంకా, హరిజనులకు ౭ ఏండ్లనుండి, ౧౦ ఏండ్లనుండి కబ్జాలో భూములున్నప్పటికి వారికి పట్టాలు ఇవ్వడంలేదు. పటేల్ పట్వారీలకు ౧౦, ౨౦ లంచాలు యీవిధంగా హరిజనులు ఇచ్చుకోలేరు. ఇవ్వనిదీ వారు చేయరు. గవర్నమెంటు వారు ఇప్పటికైనా శ్రద్ధతీసుకొని పటేల్ పట్వారీలతో చెప్పటం కాకుండా, స్వయంగా వారికి పట్టాలిప్పించేటట్లు చేయాలని మనవి చేస్తున్నాను. ఇంకా చర్మ కార్మికులకు అప్పులిప్పించాలని కోరుతున్నాను. వారు తమ అప్పులను నెల నెలకు తేలిగ్గా తీర్చుకోగలరు. కాబట్టి ప్రభుత్వం ఏమీ అడ్డం లేకుండా ధైర్యంగా వీటిని అమలు చేస్తారని ఆశిస్తున్నాను.

شری سید اختر حسین - مسٹر اسپیکر سر - مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ کانگریس سرکار کی صنعتی پالیسی نہ صرف پوری طریقہ سے ایک ناکام پالیسی رہی ہے بلکہ اب وہ اس منزل پر پہنچ گئی ہے کہ اس کو چھوٹے موٹے انجکشنس دیکر آگے بڑھانے کی کوشش جو کی جارہی ہے - اس سے کام نہیں چل سکتا میں نہیں سمجھتا کہ اس طرح سے ہمارے ملک کی صنعتی ترقی کو کوئی فائدہ ہوسکتا ہے - اس سے پہلے بھی میں نے مختلف موقعوں پر یہاں عرض کیا تھا اور آج پھر اس بات پر زور دینا چاہتا ہوں کہ یہ جو کہا جاتا ہے کہ ہماری صنعتی ترقی کے واسطے روپیہ نہیں ہے - روپیہ کی کمی کی وجہ سے ہم نئی صنعتیں نہیں کھول سکتے اور جو انڈسٹریز اس وقت موجود ہیں اونکی مدد نہیں کرسکتے میرے خیال میں یہ ایک عذر لنگ ہے اگر اس کا جائزہ لیا جائے تو اوس کی حقیقت معلوم ہوسکتی ہے اور ہم صحیح نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں- ہمارے پاس دولت کی کمی نہیں دولت مختلف ذریعوں سے ہم حاصل کرسکتے ہیں- دولت صرف روپیہ کی صورت میں ہی نہیں بلکہ دوسرے ذرائع مثلا میان پاور جیسا ایک بڑا ذریعہ دولت ہمارے پاس موجود ہے - اوس سے جس طرح فائدہ اٹھانا چاہیئے نہیں اٹھایا جاتا - اس کے علاوہ ہماری معیشیت ہمارا سماج اور ہمارے صنعتی ترقی کے طریقے کو کم از کم تھوڑا سا بدلنے کی ضرورت ہے

میں یہ نہیں کہونگا کہ موجودہ سماج کے ڈھانچہ کو ایکدم بنیادی طور پر بدلا جائے ۔ اس ڈھانچہ کو یہاں لایا جائے جو چین اور دیگر مشرقی یورپ کے ممالک میں ہے ۔ چونکہ ہمیشہ چین کی مثال دینے کا الزام ہم پر لگایا جاتا ہے اس لئے میں آج چین کی مثال نہیں دونگا بلکہ یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نہ توچین کی مثال اپنے سامنے رکھئیے نہ امریکہ یا برطانیہ کی مثال سامنے رکھئیے ۔ آپ تو چین اور روس سے خفا ہیں ۔ لیکن ہماری صنعتوں پر اور ہمارے سماج پر سامراج کا جو تسلط ہے اور جو چھاپ ہے اوس سے آزادی حاصل کرنے کی کوشش کی جائے ۔ جب تک ہماری صنعتی زندگی باہر کے تسلط سے آزاد نہ ہو ہم صنعت کے کسی گوشہ میں بھی ترقی نہیں کرسکتے ۔ میں ایوان کو یہ بتلانا چاہتا ہونکہ ہندوستان کی صنعتوں پر جو بیرونی سامراج کی پکڑ ہے آج وہ اوس پکڑ سے بھی مضبوط ہے جو ۱۵ ۔ اگسٹ سنہ ۴۷ ع کے وقت تھی ہماری معیشت پر بیرونی سرمایہ کا تسلط زیادہ سے زیادہ مضبوط ہورہا ہے ۔ ریزرو بینک کے اعداد و شمار کے لحاظ سے اس وقت چھ سو کروڑ روپیہ ہندوسان کے اندر صرف برطانیہ کے سرمایہ داروں کا لگا ہوا اور (۱۱۰) کروڑ روپیہ سالانہ منافعہ کے طور پر یا کمیشن کی صورت میں یا اور دوسری صورتوں میں باہر جاتا ہے اگر اس سرمایہ کو ہم نہ روکیں اور پالیسی میں بنیادی تبدیلی نہ لائیں تو ہمارے پاس فائیوایر پلان کی صنعتوں کے لئے روپیہ وصول نہیں ہوسکتا ۔ آج یہ آواز نہ صرف اون جماعتوں کی جانب سے اٹھائی جارہی ہے جو کانگریس سے اختلاف رکھتی ہیں بلکہ سرمایہ دار اور درمیانی سرمایہ دار بھی یہی آواز بلند کررہے ہیں ۔ میں نے ابھی اخبار میں پڑھا ہیکہ ہندوستان سے ملا ہوا جو ایک چھوٹا سا ملک ہے یعنی سیلون وہاں کے سرمایہ داروں کی جماعت نے یہ آواز بلند کی ہیکہ جو سرمایہ دار باہر سے آرہے ہیں اون پر پابندیاں لگائی جائیں ۔ جب تک اون پر پابندیاں نہ لگائی جائیں اندرونی سرمایہ دار ترقی نہیں کرسکتے ۔ اور یہ اندیشہ ہے کہ ہماری صنعتی زندگی تباہ ہوجائیگی ۔ میں کہونگا کہ اسی قسم کی روک ہندوستان میں بھی ضروری ہے ۔ اگر میں یہ کہونکہ جس طرح چین میں بیرونی سرمایہ ضبط کیا گیا ہے یہاں بھی ضبط کیا جائے تو اوس پر اعتراض کیا جائیگا ۔ لیکن اس سے کسی کو انکار نہیں ہوسکتا کہ حکومت ہند اور حکومت حیدرآباد کے سامنے یہ جو مسائل آرہے ہیں ۔ ان کے پیش نظر بیرونی سرمایہ پر قانونی پابندیاں لگانی چاہئیے اور منافع کی شکل میں جو رقم باہر جارہی ہے وہ نہ لیجانے دی جائے بلکہ وہ پھر یہیں انرسٹ کی جائے ۔ ہمارے دستور کے تحت ایسی پابندی لگائی جاسکتی ہے ۔ اور نہ صرف بیرونی سرمایہ داروں پر بلکہ یہاں کے بھی بڑے بڑے سرمایہ داروں جیسے ٹاٹا ۔ برلا اور ڈالمیا وغیرہ پر بھی ایسی قانونی پابندی لگائی جاسکتی ہیکہ ساڑھے چھ فی صد سے زیادہ منافع حاصل نہ کریں اور اوس سے اوپر کے منافع کو صنعتوں کی ترسیع و ترقی میں لگایا جائے ۔ اس نقطہ نظر سے ہم اپنے صنعتی منصوبہ کو آگے بڑھانے کی کوشش کریں تو میں سمجھتا ہونکہ روپیہ کی کمی کا جو سوال پیدا ہوگیا ہے وہ حل ہوسکتا ہے ۔ اس کے علاوہ اور دوسرے ذرائع بھی اس مسئلہ کو حل کرنے کے لئے موجود ہیں جاگیرداروں کو بڑے بڑے معاوضے دئے جارہے ہیں اور نظام کو بھی کروڑوں روپیہ کی صورت میں معاوضہ دیا جارہا ہے ۔ میں آپ کے سامنے اون کو ضبط کرنیکا سوال نہیں رکھونگا ۔ اوسکو ضبط نہ کیا جائے لیکن کم از کم آپ یہ تو کرسکتے ہیں کہ اسکو چار پانچ سال کے لئے روک لیں ۔ کیونکہ آج ہمارے ملک میں جنگ کی سی ایمرجنسی حالت پیدا ہوگئی ہے ۔

اورجس طرح جنگ کے زمانے میں مختلف طریقوں سے میعشت کو سنبھالا جاتا ھےاوسی طرح آج کے حالات میں بھی کیا جانا چاھئے - کیونکہ اسوقت بیروزگاری افلاس اورغربت نے ملک پر حملہ کر رکھا ھے - اس یورش کا مقابلہ کرنیکے واسطے یہ ضروری ھیکہ اون کو جو معاوضہ ملتا ھے وہ کم ازکم ایک مدت تک کے لئے روکدیا جائے - اور اون سے کہاجائے کہ ھم اس سومایہ کو ایسی چیزوں کے لئے صرف کررھے ھیں جو ھمارے لئے فوری ضرورت کی ھیں - یہ کام دستوری طریقہ پر کیا جاسکتا ھے اور دستور اس میں حارج نہیں ھونا - اس کے بعد میں حیدرآباد کی صنعتوں کے بارےمیں چند الفاظ یہاں بر عرض کرونگا - جنگ کے زمانے میں - جنگ کے دوران میں اور جنگ کے بعد کچھ‌صنعتیں یہاں‌قائم ھوئیں - لیکن دراصل کچھہ لوٹ کھسوٹ کرنیوالوں نے گورنمنٹ کے خزانہ سے اورعوام سے روپیہ لیکر اوس میں لگا یا اور اپنی جیب سے ایک کوڑی بھی خرچ کئے بغیر یہ صنعتیں کھڑی کیں اور اون سے بیش بہا منافع حاصل کیا - یہاں کسی قومی بنیاد پر صنعتیں قائم نہیں کی گئیں - پولیس ایکشن کے بعد نہ صرف یہ چھوٹی موٹی صنعتیں ڈوبنا شروع ھوئیں بلکہ نئی صنعتیں بھی قائم نہیں ھوئیں - پولیس ایکشن کے بعد سے حیدرآباد میں کوئی بڑی صنعت قائم نہیں ھوئی - اوراس وقت یہاں کی نہ صرف چھوٹی موٹی صنعتیں بلکہ بڑی صنعتیں بھی بری حالت میں ھیں - میں چند صنعتوں کا ذکر آپ کے سامنے کرنا چاھتاھوں - سنہ ۴۹ - ۵۰ع کے درمیان ۳۲ کمپنیاں جن میں ۱۹ لاکھ ۳۰ ھزار کا ادا شدہ سرمایہ تھا - بند ھوگئیں - اور ۵۰ - ۵۱ع میں ۲۵ کمپنیاں جن میں نولاکھ کا سرمایہ تھا بند ھوگئیں - اور حال ھی میں پرانی ملز اور زندہ طلسمات کے کارخانے بھی بند ھوگئے ھیں - پرانی گرنی کو یہاں کی بہت قدیم مل سمجھا جاتاتھا جو بند ھوگئی یہ کہا جاتا ھے کہ اب اس کو دوبارہ کھلوانے کے امکانات نہیں ھیں - لیکن میں آپ کو بتلاؤں گا کہ کس طریقہ سے اس صنعت کو چالو کیا جاسکتا ھے - اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہوں گا کہ ھمارے جو قدرتی وسائل ھیں - جو معدنی وسائل ھیں انکے پیش نظر حیدرآباد میں کون کونسی چھوٹی صنعتیں قائم کی جاسکتی ھیں - کونسی چھوٹی صنعتیں چل رھی تھیں جو بیرونی سرمایہ اور بیرونی صنعتوں کی پکڑ کی وجہ سے ختم ھورھی ھیں - مثال کےطورپر حیدرآباد میں بیڑی کے کارخانے بہت بڑی تعداد میں قائم تھے جو غریب طبقہ کےواسطے ایک نعمت تھے ایک دولت تھے - لیکن آج ۵۰ سے زائد کارخانے بند ھوگئے ھیں اس کی وجہ یہ ھے کہ اسپریل ٹوباکو کمپنی جو ایک برٹش فرم ھےاس کی پکڑ بڑھتی جارھی ھے - چار مینار سگریٹ فیکٹری بھی اسی کے تحت کام کرتی ھے - اس کے پاس ٹوباکو کی اجارہ داری ھونے کی وجہ سے وہ کسانوں سے کنٹراکٹ کرکے ان سے ٹوباکو حاصل کرلیتے ھیں - اس کامپیٹیشن کی وجہ سے ھماری بیڑی کی صنعت ڈوب رھی ھے اور مزدور بیکار ھورھے ھیں -

اسی طرح یہاں اس بات کی گنجائش ھیکہ صابن کی صنعت کو بہت بڑےپیمانے پرقائم کیا جاسکتا ھے لیکن اس میں جو دشواریاں ھیں وہ یہی کہ آج جو صنعتیں ھمارے ملک میں ھیں اسکا مقابلہ نئی قائم ھونے والی صنعت نہیں کرسکتی - جب تک حکومت کی طرف سے امداد نہ دیجائے - انہیں سہولتیں نہ دیجائیں اور بیرونی سرمایہ داروں پر پابندی نہ لگائی جائے ظاھر ھے کہ ھماری صنعتیں نہ قائم ھوسکتی ھیں اور نہ ترقی کرسکتی ھیں -

اسی طریقہ سے حیدرآباد میں جو صنعتیں اس وقت باقی رہ گئی ہیں ان کو باقی رکھنے کا بھی ایک بہت بڑا مسئلہ ہمارے سامنے ہے۔ پچھلے سالوں میں ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ مینجنگ ایجنسی سسٹم میں کرپشن اور کیپٹلائزیشن ۔ مس مینجمنٹ اور بہت سی دوسری خرابیاں ہیں۔ اس بارے میں کئی کمیٹیوں کی رپورٹیں گورنمنٹ کے سامنے ۔ ارباب مقتدر کے سامنے اور ہمارے سامنے بھی کسی نہ کسی طرح سے پہنچی ہیں۔ لیکن پبلک کے سامنے وہ نہیں پہنچی ان کو پبلش کرایا جائے۔ واڈیا رپورٹ اور ویسراج رپورٹ اور سرکاری انکوائری کمیٹی کی رپورٹوں میں ایک کامن فیکٹر (Common factor) یہ ہے کہ یہاں کی جو صنعتیں ڈوب رہی ہیں انکی بنیادی وجہ یہ بیان کیگئی ہے کہ ان صنعتوں میں مس مینجمنٹ ہے ۔ کرپشن ہے اور کیپیٹلائزیشن ہے ۔ مثال کے طور پر اسبسطاس کو آپ کے سامنے رکھوں گا وہاں یہ صورت حال پیدا ہو گئی ہے کہ جو قرضہ حاصل کیا گیا ہے اس کے سود میں ۴۰ ہزار روپیہ ماہانہ ادا کیا جاتا ہے اور ماہانہ جو وجس دی جاتی ہیں انکی مقدار ۳۰ ہزار ہے۔ اس سے زیادہ اور کیا مضحکہ خیز بات ہوسکتی ہے کہ ۴۰ ہزار سود پر اور ۳۰ ہزار تنخواہ پر خرچ کیا جائے۔ ہماری جتنی بھی انڈسٹریز ہیں ان میں ترقی کرنے کی کافی گنجائش موجود ہے لیکن ان میں جو کرپشن کا عنصر ہے ۔ جو کرپٹ آفیسر اور مینجر ہیں ان کو ہٹانے کی ضرورت ہے ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ مزدوروں کی اجرت میں زیادتی اور مزدوروں کی ہمت افزائی کی ضرورت ہے ۔ گورنمنٹ ان کارخانوں پر نگرانی رکھے اور جو صنعتیں ڈوب رہی ہیں ان کو اپنے ہاتھ میں لیکر چلائے۔ ان پر جو قرضہ کا بوجھ ہے اس کو لکویڈیٹ کرے۔ مثال کے طور پر اسبسطاس یا آلوین پر جو قرضوں کا بوجھ ہے اس کو لکویڈیٹ کرنا ضروری ہے ۔ پرانی گرنی کے بارے میں وہاں کے بعض ڈائرکٹرس کی یہ رائے ہے کہ اس کاروبار کو نہ صرف چلایا جاسکتا ہے بلکہ نفع بخش طریقہ پر چلایا جاسکتا ہے اگر جنرل مینجر چیلا کو جس کا کرپشن روز روشن کی طرح لوگوں کے سامنے آچکا ہے ہٹایا جائے۔ اگر گورنمنٹ اس کو اپنے ہاتھ میں نہیں لے سکتی ہے تو کم ازکم اس کو اپنی نگرانی میں دوسروں کو دیکر چلائے ۔ پرانی گرنی کا سوال اس سشن کے دوران میں کئی مرتبہ آچکا ہے لیکن میں اس جانب خاص طور پر زور دینا چاہتا ہوں کہ یہ ۱۷۰۰ مزدوروں کا سوال ہے ۔ وہاں ایک مزدور بھوک ہڑتال کررہا ہے ابھی میرے ایک دوست نے کہا کہ وہ ۲۸ روز سے بھوک ہڑتال کررہا ہے لیکن حکومت نے جو رویہ اختیار کیا ہے اگر اس کو میں انسان دشمنی کا رویہ کہوں تو مجھے معاف کیا جائے کیونکہ آج حکومت کا جو رویہ کارخانہ داروں سرمایہ داروں ۔ دولتمندوں اور جاگیرداروں کے ساتھ ہے ہم اگر اس کا مقابلہ مزدوروں کے ساتھ کرتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حکومت نے اپنی آنکھیں اور اپنے کان بند کرلئے ہیں۔ میں منسٹر صاحب سے کہوں گا کہ اگر اس طرف بروقت توجہ نہ کی گئی تو نہ صرف ایک مزدور اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا بلکہ (۱۷۰۰) مزدوروں کا مسئلہ اور بھی بھیانک شکل اختیار کرلیگا۔ خصوصاً جبکہ خود وہاں کے ڈائرکٹرس کا یہ کہنا ہے کہ اگر ایک اسپنڈل یونٹ کے لئے ۲۰ لاکھ روپئے لگائے جائیں تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کو چالو نہ رکھا جاسکے۔

اب تک جو حکومت کی پالیسی ہے اس میں اس قسم کی تبدیلی کی جائے کہ حکومت مالکوں اور مزدوروں کے نمائندوں پر مشتمل ایک سہ رکنی کمیٹی بنائی جائے اور اس کو اتنا اقتدار دیا جائے کہ وہ جو سفارشات کریگی اس کو قبول کرنے کے لئے حکومت تیار رہے۔ اس سہ رکنی کمیٹی سے جانچ پڑتال ہوسکتی ہے اور ہماری اس قدیم مل کو چالو رکھا جاسکتا ہے۔

اس کے علاوہ ہمارے دیش حیدرآباد میں بہت ساری نئی نئی صنعتیں قائم کرنے کی گنجائش ہے۔ یہاں آئل سیڈس بڑی مقدار میں پیدا ہوتے ہیں اور اس کا جو صنعتی پہلو ہے اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن پچھلے چار پانچ سالوں میں جہاں ۱۲ سو آئیل اکسپلرس تھے ان میں سے ٦ سو بند ہوچکے ہیں جن کی وجہ سے چھ سو مزدور بھی بیکار ہوئے۔ لیکن حکومت اس جانب توجہ نہیں کررہی ہے۔ ظاہر ہے کہ وہ تاڑی کے درخت زیادہ اگاکر اپنی صنعتی دولت میں ترقی کرنا چاہتی ہے جیسا کہ اس بجٹ میں ایک اسکیم تاڑی کے درختوں کو اگانے اور تاڑی فروخت کی جاکر فائدہ حاصل کرنے کے لئے رکھی گئی ہے۔ ہمارے پاس کئی صنعتیں قائم کی جاسکتی ہیں ٹکسٹائیل ملز۔ صابن کے کارخانے تباکو وغیرہ۔ ہماری صنعتوں میں کوئلہ اور سونا ہیں جن کے بارے میں کافی وسیع میدان ہے۔ صرف ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت اپنی پالیسی میں بنیادی تبدیلی کرے اور جو صنعتیں قائم ہیں انکو بچائے اور نئی صنعتوں کو قائم کرکے ان کے پاؤں پر کھڑا رہنے کے قابل بنادیا جائے کیونکہ سر کے بل کھڑا کرنے کے لئے تو بہت کچھ سوچا جاتا ہے لیکن پاؤں کے بل کھڑا کرنے کے لئے نہیں سوچا جاتا۔ کانگریس کے وزراء اور ارباب مقتدر مخلوط معیشت کے حامی ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ برلا اور ٹاٹا سب برابر ہیں لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اس مخلوط معیشت میں برلا اور ٹاٹا تو آگے بڑھ سکتے ہیں چھوٹے طبقے کے لوگ بغیر حکومت کی امداد کے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ ان ٹاٹاؤں اور برلاؤں کو روکنے کے لئے قانون کے ذریعہ کوشش کی جائے جو چھوٹی صنعتیں ہمارے پاس قائم ہیں انکو ڈوبنے سے بچایا جائے اور جو صنعتی وسائل ہمارے پاس موجود ہیں ان سے مزید نئی نئی صنعتیں قائم کی جائیں کیونکہ جب تک ہماری زراعتی ترقی کو صنعتی ترقی کے ساتھ ہم آہنگ نہ کیا جائے ہمارا ملک حقیقی معنوں میں ترقی نہیں کرسکتا۔ یہ نہ کہا جائے کہ پہلے ہم گاؤں میں ترقی کرنا چاہتے ہیں۔ پہلے گاؤں میں جاکر رہینگے پھر شہر میں آئینگے اور پھر اپنا مال دوسرے دیشوں میں لیجاکر بیچینگے۔ جب تک ہماری زرعی ترقی کے ساتھ ساتھ صنعتی ترقی نہو تب تک ہماری معیشت میں ویسی تبدیلی نہیں آسکتی جیسی کہ ہم چاہتے ہیں اور نہ ہمارا معیار زندگی بڑھ سکتا ہے اور معاشی پستی اور انحطاط کی وجہ سے ظاہر ہے کہ بہت سی ایسی اخلاقی اور نفسیاتی خرابیاں بھی ہماری سماج میں پیدا ہوتی چلی جائینگی جیسی کہ آج ہم دیکھ رہے ہیں۔ ہم وہ منزل پر گامزن نہیں ہوسکیں گے جو کہ ترقی کی منزل کہلائی جاسکتی ہے۔ ہمارا راستہ اور زیادہ بھیانک اور خطرناک ہوجائیگا۔ اور بحیثیت مجموعی ہم ترقی نہیں کرسکیں گے۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

श्री गोपिडी गंगा रेड्डी :—

स्पीकर सर, हर साल अेक अेक विभाग से डिमांडज हमारे सामने आती है, वह अेक अेक किस्म ी होती है। वित्त तथा अुद्योग मंत्री ने जो मांगें पेश कीं है, अुनके बारे में मैं कुछ कहना चाहता हूं। बदअुनवानियां हर डिपार्टमेंट में है। अजला में खजाने में पैसा दाखल करते वक्त जो दिक्कतें लोगों को मैहसूस करनी पडती हैं, अुनको दूर करने की तरफ हुकूमत ने कोअी तवज्जह नही दी। हुकूमत में आने के पहले हम लोगों का जो सोंचने का तरीका था, वह अब बिल्कुल बदल गया है। हुकूमत में आने के बाद अेक अैनक लगालेना पडता है, चाहे आपकी आंखोंमें कितना ही तेज हो, लेकिन यह अैनक लगाया जाता है। मै यह नहीं कहता कि आप अपना रंगीन चष्मा निकाल कर रखदें, लेकिन जब कभी कोअी दिक्कत मालूम होती है तो असली रंग को पहचानने के लिये अपना चष्मा जरा अुपर करके देखिये। खजानोंमें पटेल पटवारी भी रकम जमा करनेके लिये जाते हैं तो अुनको दिक्कत मालूम होती है। खजानें के अफसरों को कुछ दिये बगैर रकम दाखिल नहीं हो सकती। हजार में अितने अितने रुपये अिस तरह से अुनका बटावन तय रहता है। मुस्ताजर भी खजाने में जाता है तो अुसको भी मामूल देना पडता है। यह चीजें जब हम हाअुस में कहते है तो अुधर से कहा जाता है कि अैसा कैसे होता है ? तीन साल से हम करप्शन की चीजें हाअुस के सामने रखते हैं लेकिन अुनके बारे में कुछ नहीं किया जाता। पुलिस अेक्शन के पहले से वजीफे की कअी केसेस पेंडिंग (P[illegible] in[illegible]) पडी हुअी हैं। मिलीटरी के अंदर जो लोग हैं अुनके वजीफे के बारे में अभी तक कोअी फैसला नहीं हो सका है, क्योंकि सेंटर का कानून अलग है और हमारे स्टेटका कानून अलग है। वजीफेखारोंके लिये यहां जो कानून बनाया है वह अूपर रहता है और अुसीके मुताबिक जांचपडताल की जाती है। अुनके रेकार्डस और चालचलन देखी जाती है तो और मुश्किलात बढती है। चार साल से अुन लोगों को अेक पाअी भी नहीं मिल सकी। जब अुन लोगों में ताकत थी अुस वक्त अुन्होंने मेहनत की, अब कमताकत होने के बाद अुन लोगों को मारे मारे भटकना पड रहा है और परेशान होना पड रहा है। जब देश के लिये अुन्होंने काम किया है अुनकी तरफ हमारी हुकूमत बुढापे में ख्याल देने के लिये तैयार नहीं है, अुनकी कदर नहीं कर रही है। मैं चाहता हूं कि सहानुभूतिपूर्वक अुनकी तरफ देखा जाय और अुनके केसेस का नतीजा अुनको जल्द से जल्द मालूम करा दिया जाय।

अिसके बाद ग्रामोद्योगों के बारे में मैं कुछ कहना चाहता हूं। शहरी सनअतों के बारे में मैं कुछ नहीं कहूंगा। मैं देहात में रहता हूं और वहीं के सनअतों के बारे में कहूंगा। ग्रामोद्योगों की तरफ हमारी हुकूमत तवज्जह नहीं देती। जैसे जंगलात विभाग अपनी जमीन रिजर्व्ह (Reserve) रखता है वैसे ही हमारे देहातों के अुद्योगों का रिजर्व्ह रखा जाना चाहिये। जैसे महसुरा रकबे के अंदर कोअी नहीं घुस सकता अुसी तरह से मशीनों का रंगढंग देहातों के अुद्योगों में घुसने नही देना चाहिये। मैं मशीनरी के खिलाफ नहीं हूं, लेकिन वहां लोगों को हाथ से ही काम करने के लिये जरूरी काम नहीं है तो आपकी मशीनरी वहां जाकर क्या करेगी ? आपकी मशीनरी की वजह से देहात के लोग बेरोजगार होते जा रहे हैं। मसलन हमारे यहां के चर्मकार बूट वगैरा चमडे का काम अच्छी तरह से कर सकते हैं लेकिन हमारी हुकूमत बूट बाहर से मंगाती है, क्योंकि कहा जाता है कि घर की मुर्गी दाल बराबर। बरसात में अगर हम

अपने मकान का छत खुल्ला रखें और दूसरों का घर ढांपने के लिये जायें तो हमारी तरक्की नही हो सकती । अिसलिये पहले देहातों के अंदर जो चर्म के कारखाने है अुनकी तरक्की की तरफ हमें पहले ध्यान देना चाहिये, और अिस सिलसिले में हुकूमत की तरफ से सर्क्यूलर भी जारी किया जाना चाहिये कि अुन्हीं को तरजी दी जाय । बाहर से चमडे की चीजें लाने से मुमानियत की जाय । जैसे कानपूर वगैरा से चीजें मंगाअी जाती हैं वह नहीं लानी चाहिये । हमारे यहां जो लोग काम करते हैं अुनके लिये ट्रेनिंग का अिन्तजाम किया जाय । हम बाहर से चीजें मंगवायें तो अिन लोगों का अुद्धार कैसे होगा ?

आजकल चक्की का धंधा देहातों में चल रहा है । अिससे पहले जो लोग जवार वगैरा पीस कर रोजी कमाते थे अुनकी वह रोजी अब बंद होगअी है । अिसलिये वहां चक्की बंद होनी चाहिये । चक्की बंद होगी तो मजदूर खुशहाल होंगे, अगर चक्की के लिये अिजाजत देना है तो गांव के अूपर अेक सेस (cess) कायम किया जाय बाद में चक्की चलाने के लिये कहा जाय तो अेतराज नही होगा । मराठवाडे में और तेलंगाने में खेतों को साफ करना, घास वगैरा निकालना अिन कामों के लिये मजदूरों को पांच छः महीने मजदूरी मिलती है, लेकिन वह भी अब आपके ट्रेक्टरों की वजह से बंद हो गअी है । धनवानों को और पैसा जमा करने के लिये नया साधन आपने अुपलब्ध कर दिया है । वैसे ही कपडे के बारे में हो रहा है । विनोबा भावे और गांधीजी कहते हैं, कि हाथ से कांते हुये सूत में जो खूबी है, जो सजीवता है वह मशीन से कांते हुये सूत में नहीं होती । मशीन का सूत मुर्दा बन जाता है——————

श्री. रतनलाल कोटेचा :—क्या आप हाथ का कता हुवा कपडा पहनते हैं ?

श्री. गोपिडी गंगा रेड्डी :—हां, यह हाथ का कता हुआ कपडा नहीं है तो क्या है ? आपकी आंख में कमी है, आपको दीखाअी नहीं देता तो मैं क्या कर सकता हूं ?

श्रीमती अेस्. लक्ष्मीबाअी :—आप जो पहनते हैं वह खादी नहीं है ।

श्री. गोपिडी गंगा रेड्डी :—आपकी नजर में कमी है । अितना सफेद झूठ तो मैं नहीं बोल सकता । क्या करें आपने चष्मा ही वैसा लगाया है । अरकान की बीमारी जिनको होती है अुनको सारी चीजें पीली ही पीली नजर आने लगती हैं । मैं यह कह रहा था कि हाथ कताअी के सूत में गरमी में ठंढापन रहता है और सर्मा में गरमी रहती है, लेकिन अुन लोगों के लिये अिसका भी मौका नहीं रखा गया है । वही हालत तेल की हो गअी है । देहात के तेलघाने बंद होते जा रहे हैं, और मशीन का तेल वहां जा रहा है । मशीन के तेल से छाती में जलन होती है । घाने के तेल में और मशीन से निकाले हुवे तेल में बहुत फर्क होता है । मैं मशीनरी के खिलाफ नहीं हूं । काम ज्यादा हो जाय और काम करनेवाले कम हो जायें तो मशीनरी आप चला सकते हैं, लेकिन आज मेहनत करके ही पेटभर खाने के लिये नहीं मिल सकता अितना काम कम हो गया है । पहले आप काम बढाअिये, काम हाथ से नहीं कर सकेंगे तो मशीन चलाअिये, आपकी सीटियों के राज से हमारा ग्राम राज्य बिल्कुल अलग है । अिस लिये हमको शहर और देहात की तरफ दो अलग अलग नजरों से देखना पडेगा । ग्राम राज्य को धोखा न हो और वहां के लोग बेरोजगार न बने अिसकी तरफ ख्याल देना चाहिये । अगर वे बेरोजगार बनेंगे

तो आपको पुलिस की तादाद बढानी पडेगी क्योंकि आखिर वे दूसरा क्या कर सकेंगे । हमारे यहां शहरों में तो खानेपीने को काफी मिलने के बाद भी रिश्वतखोरी की भरमार है, और देहात की स्थिती तो अैसी है कि काम करने के लिये जायें तो काम नहीं है और भूख लगी तो खाने के लिये नही है फिर आपको पुलिस बढानी नहीं पडेगी तो और क्या करना होगा ? ग्राम परिश्रमकी तरक्की की तरफ हमें ख्याल देना चाहिये । निर्मल में खिलोने तैयार किये जाते हैं । लेकिन यहां के लोग यहीं पर खिलोने तैयार कर के निर्मल के नाम का फायदा अुठाकर अपने खिलौने बेचते हैं । निर्मल के खिलौने का अुद्योग बढाने की तरफ हुकूमत ख्याल नहीं देती । वैसे ही निर्मल में पीतल का कारखाना खोलना चाहिये । वहां पीतल का काम करनेवाले बारा घंटे काम करते हैं लेकिन अुसके बावजूद वे बेरोजगार हो गये हैं । वे अितना पैसा नहीं कमाते कि अेक कारखाना खोलें । साहूकार तबके ने अिसका फायदा अुठाया है । वे मशीनरी का वहां अुपयोग कर रहे हैं और हाथ से काम करनेवाले बेरोजगार हो रहे हैं । देहातों के अुद्योगों को हमें रिजर्व्ह रखना चाहिये । जिस मशीनरी ने सैतान का रूप धारण किया है अुसको गांवों के अुद्योगों में नहीं जाने देना चाहिये । धनवान लोग मशीनरी का अुपयोग करते हैं और गरीब देवताओं का खून चूसते हैं । अुनको अिस मशीन से अलग रखकर ग्रामोद्योग की तरक्की करनी चाहिये । अितना कहकर मैं अपना भाषण समाप्त करता हूं ।

شری سید حسن - اسپیکر سر - ڈپارٹمنٹس کے قیام کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس سے عوام کی بھلائی ہو - اسی مقصد کے تحت گورنمنٹ ڈپارٹمنٹس قائم کرتی ہے - لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ چند ڈپارٹمنٹس چند خاص لوگوں کی پرورش کیلئے قائم ہوتے ہیں - اور اس کی وجہ سے اصل مقصد پورا نہیں ہوتا - جہاں ہم تخفیف کی مخالفت کرتے ہیں وہیں ہم چاہتے ہیں ڈپارٹمنٹس باقی رہیں - مگر وہ افیشنسی کے ساتھ کام کریں - ویٹ اینڈ میژرس ڈپارٹمنٹ (Weights & Measures Department) کے متعلق مجھے یہ کہنا ہے کہ اس ڈپارٹمنٹ کیلئے بجٹ میں کافی رقم مہیا کیگئی ہے - مگر اس سے جس افیشنسی اور صلاحیت کے ساتھ کام ہونا چاہئے وہ نہیں ہوتا - عام طور پر اضلاع میں اور خاص طور پر شہر میں ہم دیکھتے ہیں کہ بیوپاری ہر جگہ الیگل ویٹس اینڈ میژرس استعمال کرتے ہیں - لیکن انکی کوئی چیکنگ نہیں ہوتی - ان پر ویٹ اینڈ میژرس ڈپارٹمنٹ کا کوئی سپرویژن نہیں ہوتا - پٹرول کی دوکان پر لکڑی والے کی دوکان پر یا غلہ کی دوکان پر ہر جگہ ہمیں چوری کے بانٹ اور پیمانے نظر آئینگے جو وہاں استعمال کئے جاتے ہیں لیکن انپر کوئی چیکنگ نہیں ہوتی - ڈپارٹمنٹ کے عہدہ دار وہاں نہیں جاتے جسکی وجہ سے عوام کا نقصان ہوتا ہے - بہت سے اضلاع میں اب تک ویٹ اینڈ میژرس کے انسپکٹرس کے آفیسس قائم نہیں ہوئے ہیں - اور جہاں قائم ہوئے ہیں صحیح طریقہ پر کام نہیں کررہے ہیں - حال ہی میں غالباً جالنہ کے انسپکٹر کا آفس قائم ہوا ہے - وہاں کے انسپکٹر صاحب نے رخصت حاصل کی ہے - لیکن یہاں کے انسپکٹر جو وا،ڈن صاحب کے خاص دوست ہیں انہیں یہیں ہیڈ آفیس (Head offiice) میں رکھا گیا ہے اور وہاں انہیں نہیں بھیجا جاتا - ڈائرکٹر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز جو آجکل ایگریکلچر ڈپارٹمنٹ کے ڈائرکٹر ہیں انہوں نے یہ طے کیا تھا کہ کوئی انسپکٹر لیو ریزرو (leave reserve) کے لئے ہیڈ آفیس پر نہیں رکھا جائیگا - یہاں کا سوپرویژن (Supervision)

بالکل اچھا نہیں ہے - یہاں کے آفیسر ایک نواب ہیں انکے ذمہ یہ سارا کام کردیا گیا ہے - وہ سابقہ روایات کے پابند ہیں اور سابقہ ذہنیت کے تحت کام کرتے ہیں - انسپکٹروں کو بھیجنے کی بجائے صیغہ داروں کو جنھیں پچاس ساٹھ روپیہ تنخواہ ملتی ہے روانہ کرتے ہیں جسکا نتیجہ یہ ہے کہ اس ڈپارٹمنٹ میں کرپشن بہت بڑھگیا ہے - حال میں دکن کرانیکل میں ایک آرٹیکل شائع ہوا تھا - اس آرٹیکل میں لکھا ہے کہ کامرس اینڈ انڈسٹریزڈپارٹمنٹ نے ایک نوٹیفکیشن جاری کیا تھا کہ جن لوگوں کے ویٹس اینڈ میژر (Weights & Measures) صحیح نہیں ہیں وہ صحیح کرلیں - اس آرٹیکل کو میں پڑھکر سنانا چاھتا ھوں

"The office issuing the above notification knows that fraudulent traders cannot be held responsible for any difference in weight, if it is discovered at the office of the Inspector of Weights, situated far and away from the scene of offence. Customers who are duped will have to drag the merchant and independent witnesses to the Inspector's office for verification. Why should the gentlemen officers sit in the offices, away from the market, and wait for the purchaser and seller, followed by a crowd of idlers on the roadside, go to Solomons for judgement ? Who will convey the goods from the bazaar to the Weights and Measures Office? If the paid officials cannot perform their legitimate duty of detecting offences on the spot, it is useless to expect members of the public to co-operate with the Government Department."

اس طرح سے اخبارات لکھتے ہیں اور عوام اسکو محسوس کرتے ہیں اور عوام ان تکالیف سے دو چار ہیں لیکن ارباب اقتدار کی غفلت اور عدم توجھی و عدم نگرانی کی وجہ سے یہ دفتر عالم کس مپرسی میں پڑا ہوا ہے - عدم توجھی کے ساتھ ساتھ جیسا کہ میں نے کہا اس دفتر پر نوابانہ ذہنیت کا پردہ پڑا ہوا ہے - ضرورت ہے کہ منسٹر صاحب اس جانب توجہ کریں تاکہ اس ڈپارٹمنٹ کی افیشنسی (Efficiency) میں اضافہ ہو-

کسٹم - کسٹم ڈپارٹمنٹ کے بارے میں میں عرض کرونگا کہ حیدرآباد کے انٹیگریشن (Integration) کے بعد کسٹم ڈپارٹمنٹ کو ختم کردیا جانا چاھئے تھا لیکن معلوم نہیں کہ کن مختلف وجوہ کی بناء پر اسکو باقی رکھا گیا ہے اور یہ بھی معلوم نہیں کہ اسکو کب ختم کیا جائیگا - انٹرنل کسٹم کے ختم ہوجانے کی وجہ سے جو اسٹاف تخفیف کردیا گیا ہے وہ تو خیر تخفیف ہوگیا لیکن جو لوگ اب باقی ہیں انہیں چونکہ وہ اپنے مستقبل سے مایوس ہیں اور زیادہ دن رہنے کا بھروسہ نہیں ہے اسلئے اس ڈپارٹمنٹ میں کرپشن بڑھگیا ہے - کرپشن کے تعلق سے کسٹم ڈپارٹمنٹ پہلے سے ایک بدنام محکمہ ہے - پولس ایکشن کے بعد سب انسپکٹرس یا معمولی قسم کے ملازمین کو ذمہ دارانہ خدمات پر متعین کیا گیا ہے جو مطلق اوس خدمت کی صلاحیت نہیں رکھتے جسکی وجہ سے اس ڈپارٹمنٹ میں کرپشن اور بڑھ گیا ہے - باہر جانے والے مال کو دیکھا نہیں جاتا - اس تعلق سے کھمم کے تغلب کا جو واقعہ ہے اوسکو ایوان کے علم میں لایا جاچکا ہے - جالنہ اور

کھمم کے تعلق سے مکرر عرض کروں گا - مدن گوپال ریڈی اور پرکاش راؤ فرضی برآوردات بنا کر ایسے لوگوں کے نام سے جنکو علیحدہ کردیا گیا ہے رقومات حاصل کرتے رہے - یہ سلسلہ دو سال تک جاری رہا اور (۴۰) ہزار کی رقم ناجائز طور پر اٹھالی گئی اس سلسلہ میں کمشنر صاحب کو اطلاع ہوئی تو انہوں نے ان افراد کو معطل کردیا حسب منسٹر صاحب کو ایک کارروائی کے سلسلہ میں یہ معلوم ہوا یعنی جب ان امنا کو ریورٹ (Revert) کرنے کا مسئلہ پیش ہوا تو منسٹر صاحب انچارج کسٹم ڈپارٹمنٹ نے (جو منسٹر ہونے تک ایک وکیل تھے -) انہوں نے کہا کہ ناظم صاحب کے خلاف انتقال مقدمہ کی درخواست پیش کیگئی تھی - مجھے تعجب ہے کہ انتقال مقدمہ کی درخواست پیش ہوتی ہے تو ایسے چوروں کو جو ملازم سرکار ہوکر چالیس ہزار روپیہ کا سٹہ بٹہ کئے ہوں بحال کرنے کی رائے دیجاتی ہے - اور اس قسم کے لوگ انسپکٹر کے فرائض آج بھی انجام دے رہے ہیں - حکومت ہم سے کہتی ہے کہ اڈمنسٹریشن (Administration) میں مداخلت نہ کریں - میں کہونگا کہ جب منسٹرس اس قسم کی مداخلت کریں تو پھر ماتحتین پر کنٹرول کسطرح سے قائم رہیگا - لوگ اسطرح سے منسٹروں کے پاس جاکر غلط سلط احکام لے سکینگے تو کس طرح اڈمنسٹریشن ٹھیک ہوسکتا ہے - جب اسطرح سے چوروں کی تائید کیجائیگی تو افیشینسی بڑھیگی یا گھٹیگی - جالنہ کے کیس کا بھی یہی حال ہے - کئی لاکھ روپیہ کا تغلب ہوا اور وہاں مہتممی کے دفتر کے قریب جھڑتی ناکہ ہے جہاں سے لاکھوں روپیہ کا سامان باہر چلا جاتا ہے اور کوئی پوچھنے والا نہیں ہے - ایسی حالت میں اس جھڑتی ناکے کے قیام کی کیا ضرورت ہے - اس واقعہ سے متعلق ذمہ داری اوس شخص پر ڈالیجارہی ہے جو پاکستان بھاگ گیا ہے - میں اسکو تسلیم کرتا ہوں کہ وہ شخص ضرور کھایا ہوگا لیکن اوس نے ناجائز طور پر جو اس رقم کا تغلب کیا اوس کا ذمہ دار وہ مہتمان بھی تو ہیں جسکے سوپرویژن (Supervision) میں وہ کام کرتا تھا لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ وہ آج بھی خدمت پر ہیں - میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ان پر مقدمہ کیوں قائم نہیں کیا گیا - وہ رقم جس سے ہزاروں لاکھوں عوام کی بیروزگاری کا مسئلہ حل ہوسکتا تھا اسطرح برباد کی جارہی ہے اور جب کوئی تعمیری مسئلہ پیش کیا جاتا ہے تو حکومت کہتی ہے کہ پیسہ نہیں ہے - پیسہ تو اسطرح برباد ہورہا ہے - ناجائز طریقہ پر اصراف ہوتا ہے - تغلب ہوتے ہیں - اور حکومت خاموش رہتی ہے - حکومت ان مسائل پر سنسیرلی (Sincerely) نہیں سوچتی - حکومت کو چاہئے کہ ایسی باتوں کی کامل تحقیقات کرے اور خاطیوں کو سخت سے سخت سزا دے تاکہ آئندہ دوسرے لوگوں کو اس قسم کے حرکات کی جسارت نہو - کسٹم کمشنر کے ذمہ اگریکلچرل انکم ٹکس - سیلس ٹکس کسٹم وغیرہ کے محکمہ ہیں جسکی وجہ سے وہ پورا وقت کسٹم کے لئے نہیں دے سکتے - ہر ڈپارٹمنٹ کے کام کیلئے جتنا وقت انہیں ملنا چاہئے نہیں مل سکتا - جب تک کسٹم ڈپارٹمنٹ قائم ہے میں کہونگا کہ اس ڈپارٹمنٹ کیلئے ایک علیحدہ آفیسر رکھا جانا چاہئے - پہلے اس ڈپارٹمنٹ کیلئے ایک فرسٹ گریڈ کمشنر رکھا گیا تھا - کام کی کثرت کے اعتبار سے کوئی علیحدہ انتظام ہونا چاہئے -

اسکے بعد وظیفہ خواروں کے تعلق سے میں عرض کرونگا کہ وظیفہ خواروں کے تعلق سے گورنمنٹ کی نگلکٹیڈ پالیسی (Neglected Policy) ہے - جن لوگوں نے وظیفہ سے پہلے گورنمنٹ کی خدمت انجام دی ہے اور ملک کی خدمت کیلئے اپنی عمریں صرف کردیں انہیں نظر انداز کرنے کی کوشش کیجارہی ہے - آج وہ پریشان حال ہیں - صرف ایک سو روپیہ پانے والوں کی حد تک پانچ روپیہ گرانی الونس مقرر کیا گیا ہے - اور جو لوگ سو روپیہ سے زیادہ پانے ہیں انہیں کوئی الونس نہیں دیا جاتا - میں کہونگا کہ جسطرح عام ملازمین کیلئے گرانی ہے ان وظیفہ خواروں کیلئے بھی ہے - بلکہ جو لوگ اپنی پوری تنخواہ پارہے ہیں اونکے مقابلہ میں وظیفہ خوار جنھیں نصف یا نصف سے کم وظیفہ ملتا ہے زیادہ پریشان ہیں - ایسی صورت میں وظیفہ خواروں کیلئے اسکی زیادہ ضرورت ہے - دوسری چیز یہ کہ جو لوگ وظیفہ پر علیحدہ کئے گئے ہیں انکے وظیفہ کی اجرائی میں بہت تاخیر ہوتی ہے جسکی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشانی میں مبتلا ہوجاتے ہیں اور انکو طرح طرح کی مشکلات سے دوچار ہونا پڑتا ہے - میں حکومت سے درخواست کرونگا کہ جب کسی کو وظیفہ پر ہٹایا جائے تو اجرائی وظیفہ کی کارروائی جلد از جلد طے کیجائے اور جب تک وظیفہ نہ اجرا ہوجائے سبکدوشی اور اجرائی وظیفہ کی درمیانی مدت میں کوئی الونس حکومت اجرا کرے تاکہ وہ اوس زمانے میں جس درجہ پریشان رہتے ہیں اوسمیں کچھ کمی ہو -

* شری بی - ڈی دیشمکھ - مسٹر اسپیکر سر - فینانس ڈپارٹمنٹ کے بارے میں جو کٹ موشن پیش کیا گیا ہے اس سلسلہ میں زیادہ وقت نہ لیتے ہوئے مختصر طور پر اظہار خیال کرونگا - حیدرآباد میں سیلس ٹیکس کا مسئلہ جس الجھن میں پڑا ہوا ہے اس کے متعلق میں اپنے خیالات کا اظہار کرونگا - حکومت نے پہلے سیلس ٹیکس سنگل پوائینٹ (Single Point) نافذ کیا - اس کے بعد حالات کی تبدیلی سے ملٹی پل پوائینٹ (Multiple-Point) میں تبدیل کیا گیا - اس کے بعد پھر اس میں کچھ تبدیلی کی گئی اور بعض ایٹمس کی حدتک ڈبل پوائینٹ کردیا گیا ہے - حیدرآباد میں سیلس ٹیکس کے تعلق سے ڈیڑھ دو سال سے ھڑبونگ مچی ہوئی ہے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ ملٹی پل پوائینٹ کا جو طریقہ رائج کیا گیا ہے وہ زیادہ سود مند نہیں ہے - اوس میں جو خرابیاں ہیں انکے نتائج یہاں ظاہر ہورہے ہیں اور جو آمدنی اس سے ہونی چاہئے نہیں ہورہی ہے تجارت پیشہ اور بالخصوص چھوٹے بیوپاری اسکے خلاف ہیں - اس بارے میں ہاؤز کے آنریبل ممبرس نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ اس ٹیکس کو سنگل پوائینٹ میں تبدیل کرنا چاہئے اس کے جواب میں منسٹر صاحب فینانس نے کہا تھا کہ حکومت نے اس ڈھنگ سے سوچنے کا فیصلہ نہیں کیا ہے - لیکن میں تجربہ کے طور پر ایک چیز رکھنا چاہتا ہوں کہ بمبئی میں بھی جب ملٹی پل پوائینٹ رائج کیا گیا تھا تو وہاں ایجیٹیشن کیا گیا - تاجروں اور کنزیومرس نے متحدہ محاذ بناکر وہاں کی گورنمنٹ سے مطالبہ کیا بمبئی گورنمنٹ نے سنگل پوائینٹ پر لانے کے بارے میں سوچا - اسی طرح میسور کا حال کا واقعہ یہ ہے کہ وہ بھی اس پر مجبور ہوگئی ہے کہ ملٹی پل کو تبدیل کرکے سنگل پوائینٹ

نافذ کیا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ چند مراحل کی تکمیل کے بعد وہاں وہ ۳۱ ۔ تاریخ تک ہاؤز کے سامنے آنے والا ہے ۔ وہاں سیل ٹکس کمیٹی کی جانب سے سفارشات حکومت کے سامنے تھیں جب وہاں کے حالات نے مجبور کیا اور اسکے وصول میں دقتیں محسوس ہوئیں اور اسٹاف جو متعین کیا گیا تھا کافی ٹکس وصول نہ کر سکا تو ہائیکورٹ کی رولنگس وغیرہ کے مدنظر وہاں تبدیلی کو ناگزیر سمجھا گیا ہے۔ اسی طرح میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح میسور گورنمنٹ نے تبدیل کی ہے۔ جسکی رپورٹ حیدر آباد گورنمنٹ کے سامنے بھی شاید دو تین روز میں آجائے گی حیدر آباد گورنمنٹ بھی چند مناسب تبدیلیوں کے ساتھ سنگل پوائینٹ ٹکس عاید کریگی ۔

دوسری چیز ٹیکزیشن پالیسی کے بارے میں ہے ۔ جنرل ڈسکشن میں یہ کہا گیا ہے کہ گریڈیڈ طریقہ سے ٹیکزیشن ہونا چاہئیے ۔ سیلس ٹیکس کی جو لمٹ ہمارے پاس ساڑھے سات ہزار ہے کہ وہ ہمارے لئیے ناقابل برداشت ہے۔ ہمارے درائع آمدنی اور یہاں کی پیئنگ کیپسٹی کے مدنظر بنگال کی طرح ۲۰ - ۳۰ ہزار تک یہ لمٹ رکھی جا سکتی ہے۔ حیدر آباد میں یہاں کے مالی حالات اور ملک کے زرعی حالات اور محدود صنعتی ترقی کو مد نظر رکھتے ہوئے ہماری لمٹ جو ساڑھے سات ہزار کی ہے وہ بڑھا کر اس ڈھنگ پر لائی جائے جیسا کہ بنگال میں رکھی گئی ہے۔ میرا سجیشن یہ ہے کہ حیدر آباد کے حالات کے لحاظ سے ۲۵ ہزار تک کی لمٹ طے کرنا لازمی ہے۔ اور اوس کو سنگل پائنٹ کردیجائے تو وہ زیادہ موثر اور قابل عمل ہو جائے گا ۔ اس سے ہماری آمدنی کے اضافہ ہونے کا بھی امکان ہے۔ جیسا کہ ایک آنریبل ممبر نے کہا اگریکلچر انکم ٹیکس کے سلسلہ میں ۱۰ ہزار کی جو لمٹ چند مستشنیات کے ساتھ رکھی گئی ہے اوس پر بھی نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ اس کو گھٹا کر پانچ ہزار تک کیا جا سکتا ہے۔ اور سختی کرکے اگریکلچر ڈپارٹمنٹ میں اسٹاف بڑھا کر اوس میں افیشنسی پیدا کرکے زیادہ پیمانے پر وصول کر سکتے ہیں ۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے لینڈ ریوینیو کا جو بوسیدہ طریقہ ہے اوس میں بھی بنیادی تبدیلی کیجائے ۔ کراچی اور فیض پور کے کانگریس ریزو لیوشنس پر عمل کرتے ہوئے گریڈڈ طریقہ پر ریوینیو سسٹم قائم کیا جائے ۔ ٹیننسی ایکٹ کے تحت جو چھوٹے چھوٹے ہولڈنگ رکھنے والے ہیں اون کو لینڈ ریوینیو معاف کرتے ہوئے اوپر کے زراعت پیشہ لوگوں کے لئیے جن کے لئیے ہم نے مختلف ہولڈنگس مقرر کئیے ہیں اون کے لئیے گریڈڈ طریقہ پر لینڈ ریوینیو اڈجسٹ کیا جائے ۔ ریویژن کے سلسلہ میں ۱۰ فیصد سے لیکر ۲۵ فیصد تک کا جو اضافہ کیا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ اضافہ حیدر آباد کے لینڈ ریوینیو کے لحاظ سے مناسب نہیں ہے۔ ایک طرف اگر لگان میں اضافہ کیا جائے اور دوسری طرف جیسا کہ ہم چاہتے ہیں اگریکلچرل انکم ٹیکس کی لمٹ گھٹائی جائے ۔ اور اسکو گھٹا کر چار پانچ ہزار تک کیجائے تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ لینڈ ریوینیو کا جو پریشر ہے وہ چھوٹے کسانوں پر ہی پڑیگا ۔ ہم نہیں چاہتے کہ بڑے کسانوں پر یہ پریشر کم کیا جائے اور چھوٹے کسانوں پر بڑھایا جائے ۔ اس کے لئیے متوازی طریقہ پر لینڈ ریوینیو اوراگریکلچرل انکم ٹیکس کے بارے میں سوچنا پڑیگا ۔

کسٹم کے سلسلے میں حکومت نے یہ اعلان کیا تھا اور گوروالا کمیٹی کی سفارش بھی تھی کہ سنہ ۱۹۵۴ع میں پورے طریقہ سے اسکو ختم کیا جائے - لیکن کسٹم ڈپارٹمنٹ کے لوٹ کنسوٹ کرنیوالے لوگوں کا یہ رجحان ہے کہ اپنی ڈوبتی ہوئی نیا کو سنبھالنے کیلئے بدعنوانیاں کی جائیں چنانچہ انہوں نے بدعنوانیاں شروع کی ہیں میں نہیں چاہتا کہ انکی بدعنوانیوں کی تفصیل یہاں رکھوں - اگر بارڈرس کے حالات پر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ کسٹم ڈپارٹمنٹ میں کسطرح رشوت کا بازار گرم ہے - وہاں کے لوگ درمیانی راستے اختیار کررہے ہیں - اسکی وجہ سے ایک طرف تو حکومت کی آمدنی متاثر ہوگئی ہے اور دوسری طرف جو کسٹم کا طریقہ جاری ہے اوسکے نتیجہ میں کسان - عوام اور سیاسی پارٹیوں میں ہیجان پیدا ہوگیا ہے - اون میں یہ خیال پیدا ہوگیا ہے کہ حکومت ظلم اور زبردستی کی پالیسی اختیار کررہی ہے - کسان طبقہ سے آئے ہوئے ایک آنریبل ممبر نے کسانوں سے متعلق صحیح خیالات ہاؤز کے سامنے رکھے ہیں کہ آپ نے اون سے کیسے وعدے کئے تھے اور کسٹم کے بارے میں کسطرح اشتعال دلایا تھا - اور کیا خیالات عوام کے سامنے رکھے تھے - آج وہی خیالات عوام کے ہیں اگر آج اون کو فوری بند نہ کیا جائے تو حکومت کو عوام اور کسانوں کے ایک بڑے محاذ سے مقابلہ کرنا پڑیگا - ایسے خطرات محسوس ہورہے ہیں اس لئے میں یہ کہونگا کہ اگر اس سال حکومت اس کو ختم نہ کرے تو کم از کم آئندہ سال لازمی طور پر اسکو ختم کردے - سرچارج اور کسٹم کے سلسلہ میں پچھلے پندرہ سال میں اضافہ ہوگیا ہے - سنہ ۳۸ع سے سنہ ۵۳ع تک کا اکسپورٹ کی صورت حال دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ ان چودہ سالوں میں اکسپورٹ کا کوٹا یعنی یہاں سے باہر جانے والے مال کا کوٹہ تقریبا ۶ گونا بڑھ گیا ہے - اس کے بعد بھی ہم دیکھ رہے ہیں کہ اکسپورٹ سے خاطر خواہ آمدنی میں اضافہ نہیں ہوا - اسکی وجہ یہ ہے کہ کروڑگیری اور سرچارج کے ٹیکس ناقابل برداشت ہوگئے ہیں - اوسکے علاوہ ڈپارٹمنٹ کے لوگ درمیانی راستے اختیار کررہے ہیں - مجھے اورنگ آباد ضلع کا تجربہ ہے ہمارے تعلقہ بھوکردن کی سرحد برار سے ملتی ہے - ہم دیکھتے ہیں کہ برابر کی مارکٹنگ - وہاں کے کپاس کے کاروبار اور وہاں کے انتظامات کافی تشفی بخش ہیں - وہاں سے فاصلہ بھی کم ہے ۱۰-۱۵ میل کا فاصلہ ہے اور اوسکے علاوہ وہاں بھاؤ بھی اچھا آتا ہے - اس کے برعکس وہاں کے لوگ جالنہ اور اورنگ آباد جانا نہیں چاہتے کیونکہ فاصلہ بھی دور تقریبا ۵۰ پون سو میل کا فاصلہ ہے اور بھاؤ بھی اچھا نہیں آتا - اوسکو باربرداری کے اخراجات برداشت کرنا پڑتا ہے اور مارکٹس فنکشن نہ کرنے کی وجہ سے خسارہ پر مال فروخت کرنا پڑتا ہے - وہاں بدعنوانیاں بھی ہیں اس لئے وہ لوگ جالنہ اور اورنگ آباد کی مارکٹس میں نہیں جاتے - چونکہ کروڑگیری نہیں ہے اس لئے برار کو مال منتقل کیا جاتا ہے وہاں مختلف مارکٹس ہیں اون کا مال وہاں بک جاتا ہے - اس وجہ سے لوگوں میں فطری طور پر یہ جذبہ بڑھ رہا ہے کہ حکومت ہم کو ہماری سہولتوں سے محروم کررہی ہے - اور ٹیکس دینے پر اور خسارہ برداشت کرنے پر مجبور کررہے ہیں - ان خیالات پر حکومت کو غور کرنا چاہئے - اس کے علاوہ گریڈڈ طریقہ پر ٹیکزیشن کے بارے میں بھی

آنریبل منسٹر کو سوچنا چاہئے - سنگل پوائنٹ لانے کے بارے میں بھی فوری غور کیا جائے جسطرح میسور میں کیا گیا ہے -

